2021

URDU– HONOURS

Paper : CC–10

Full Marks : 65

The figures in the margin indicate full marks.

Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.

1. مندرجہ ذیل میں سے کسی دس سوالوں کے جواب دیجئے۔ 2×10=20

(i) پرویز شاہدی کی کسی دو نظموں کے عنوان لکھئے۔

(ii) اختر الایمان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

(iii) نظم ''کون'' اور نظم ''آدمی کی تلاش'' کے شاعر کا نام لکھئے۔

(iv) فیض احمد فیض کے کسی دو شعری مجموعوں کے نام بتائیے۔

(v) فیض احمد فیض کی ولادت کب ور کہاں ہوئی ؟

(vi) ندا فاضلی کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

(vii) پرویز شاہدی کا ایک شعر لکھئے۔

(viii) ''حلقہ اربابِ ذوق اور اردو نظم'' کس کی تصنیف ہے؟ یہ کب شائع ہوئی ؟

(ix) ''اندھا کباڑی'' اور ''ایک لڑکا'' کے شاعر کا نام لکھئے۔

(x) دو مشہور ترقی پسند شعرا کے نام بتائیے۔

(xi) فیض احمد فیض کے دو ممتاز معاصرین کے نام بتائیے؟

(xii) میرا جی کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

(xiii) دو مشہور نظم گو شعراء کے نام لکھئے۔

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ 10×3=30

(i) اختر الایمان کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(ii) ''بے چہرگی'' کے حوالے سے پرویز شاہدی کی نظم نگاری پر اظہارِ خیال کیجیے۔

(iii) فیض کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(iv) میرا جی کی نظم نگاری کے بنیادی خصائص پر روشنی ڈالیے۔

(v) محمد علوی کی نظم نگاری پر روشنی ڈالیے۔

3. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین کی تشریح کیجیے۔ 5×3=15

(i) ابھی مرا نہیں
زندہ ہے آدمی شاید
یہیں کہیں اسے ڈھونڈو یہیں کہیں ہوگا
بدن کی اندھی گپھا میں چھپا ہوا ہوگا

(ii) پرندوں کی طرح شاخوں میں چھپ کر جھولتا ، مڑتا
مجھے ایک لڑکا، آوارہ منش ، آزاد، سیلانی
مجھے ایک لڑکا، جیسے تند چشموں کا رواں پانی
نظر آتا ہے، یوں لگتا ہے، جیسے بلائے جاں

(iii) اے مری امید میری جاں نواز
اے مری دل سوز میری کار ساز
میری سپر اور مرے دل کی پناہ
درد و مصیبت میں مری تکیہ گاہ

(iv) شام ہو جاتی ہے
میں پھر سے لگاتا ہوں صدا—
''مفت لے لو مفت، یہ سونے کے خواب—''
''مفت'' سن کر اور ڈر جاتے ہیں لوگ
اور چپکے سے سرک جاتے ہیں لوگ—
''دیکھنا یہ ''مفت'' کہتا ہے''
کوئی دھوکا نہ ہو؟